مورخہ 08-06-2023

| اخبارات | اہم قومی ومقامی خبریں | نمبر شمار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگر اخبارات | گوادر میں ترقی کے روشن امکانات اہم تجارتی مرکز کی شکل اختیار کرے گا، گورنر | 01 |
| مشرق ودیگر اخبارات | وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کا عبدالواحد بندیگ کی وفات پر اظہار افسوس | 02 |
| مشرق ودیگر اخبارات | گوادر بندرگاہ کو علاقائی رابطوں کا مرکز بنانے کا فیصلہ، چین نے ہر مشکل میں بھرپور مدد کی، وزیر داخلہ | 03 |
| جنگ ودیگر اخبارات | عوام کو ریلیف دینے کیلئے بلوچستان حکومت کے پاس فنڈز نہیں، اسد بلوچ | 04 |
| جنگ ودیگر اخبارات | محفوظ وغذائیت سے بھرپور خوراک تک رسائی ہر فرد کا حق ہے، انجینئر زمرک | 05 |
| آزادی ودیگر اخبارات | بجٹ میں بلوچستان کی ترقی کیلئے اربوں روپے مختص کرینگے، مولانا واسع | 06 |
| مشرق ودیگر اخبارات | بلوچستان کی خواتین کو مالی بطور پر بااختیار بنانا ترجیحات میں شامل ہے، ماہ جبین شیراں | 07 |
| جنگ ودیگر اخبارات | عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے میں غفلت برداشت نہیں، مٹھا خان کاکڑ | 08 |
| سنچری ودیگر اخبارات | حکومت نے حب صنعتی زون لنک سڑک کیلئے فنڈ جاری کردیئے | 09 |
| جنگ ودیگر اخبارات | گندم اسمگلنگ روکنے کیلئے بارڈر سیل کردیئے جائیں گے، چیف سیکرٹری | 10 |
| جنگ ودیگر اخبارات | بلوچستان ہائی کورٹ کے 5 ایڈیشنل ججز کو مستقل کرنے کی سفارش | 11 |
| جنگ ودیگر اخبارات | اقتصادی کونسل اجلاس کا بائیکاٹ وزیر اعلیٰ کے ساتھ ہیں، ارکان صوبائی کابینہ | 12 |
| جنگ ودیگر اخبارات | تنخواہوں کی عدم ادائیگی کیخلاف آج میں مین گیٹ پر دھرنا دینگے، بیوٹمز اسٹاف ایسوسی ایشن | 13 |
| جنگ ودیگر اخبارات | نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کیلئے 12 میگاواٹ بجلی کی منظوری | 14 |
| جنگ ودیگر اخبارات | بلوچستان ہائی کورٹ چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف درخواست کی سماعت موخر | 15 |
| جنگ ودیگر اخبارات | بلوچستان اسمبلی کا پری بجٹ اجلاس آج طلب | 16 |
| جنگ ودیگر اخبارات | کوئٹہ سمیت بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے حکومتی دعوے جھوٹے ہیں، بی این پی | 17 |

## امن وامان

قلات مسلح افراد نے تعمیراتی کمپنی کے 6 مزدوروں کو اغوا کرلیا، نوشکی میں ایف سی کی کارروائی چینی کے مزید 740 تھیلے برآمد، ہزار گنجی میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، کوئٹہ میں فائرنگ سے سنیئر وکیل عبدالرزاق شیر جاں بحق، پنجگور پولیس کی کاروائی بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار، کوئٹہ سیکورٹی گارڈ کا پراسرار قتل، آلہ نقب برآمد، ہرنائی گھر کے اندر سے ٹریکٹر چوری، ہزار گنجی میں منشیات فروش سمیت 2 افراد گرفتار مسروقہ سوزوکی 24 گھنٹے کے اندر برآمد، چمن منشیات برآمد 6 ملزمان گرفتار کرلئے، کوئٹہ میں پولیس تھانہ منظور ترین شہید کی کاروائی مفرور ملزم گرفتار۔

مورخہ 08-06-2023

## عوامی مسائل

شہباز ٹاؤن میں ریڑھی بانوں کا سڑکوں پر قبضہ انتظامیہ خاموش، لورلائی میں گندم مافیا ایک بار پھر سے متحرک دھڑا دھڑ باہر سمگل، انتظامیہ کی عدم توجہی شاہراہوں کا تعمیراتی کام ست روی کا شکار، کنٹریکٹرز کو ایڈوانس ادائیگی کے باوجود زیارت ڈویلپمنٹ پروجیکٹ پر کام بند، حکومت لورالائی ڈیری فارم کو فنڈ فراہم کرے، عوامی حلقے، کیر تھر کینال تباہی سے دو چار چھوٹے کاشتکار پانی کیلئے ترس گئے، کوئلہ کان میں پھنسے دو محنت کشوں کو ایک مہینے بعد بھی نہ نکالا جا سکا، این ایل ایف پاکستان، ژوب سے بھیڑ بکریاں ڈی آئی خان اسمگل ہونے لگیں، کوئٹہ میں پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال گوشت کی قیمتیں آسمان تک پہنچ گئیں،

## اداریہ:

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے " **بلوچستان وبائی امراض کی لپیٹ میں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہیکہ بلوچستان کے متعدد اضلاع ایک بار پھر کانگو وائرس کی لپیٹ میں آ گئے ہیں جہاں وائرس کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں بلوچستان میں رواں سال کے دوران کانگو وائرس کی وبا 80 اور 90 کی وبائی کیسز رپورٹ ہوئے اس کے بعد 2001 سے ہر سال کیسز رپورٹ ہو رہے ہیں حکومت کی اس حوالے سے عدم دلچسپی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آج تک اس وبا کی جڑ تک پہنچنے کیلئے کوئی ریسرچ سینٹر بھی قائم نہیں کیا چالیس برسوں سے عوام اس بیماری کا شکار ہو رہے ہیں مگر اس کی روک تھام کیلئے اقدامات نظر نہیں آ رہے، ادھر تربت شہر سمیت ضلع کیچ میں ڈینگی وائرس کے سبب جہاں لاتعداد افراد متاثر ہو رہے ہیں وہاں اس کے باعث ہلاکتوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے حال ہی میں شاہی تم کا رہائشی نوجوان ڈینگی کا شکار ہو کر علاج کیلئے کراچی منتقل کیا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہو سکا صوبائی حکومت کے لئے کتنے افسوس کا مقام ہے کہ چھوٹی سی آبادی والے صوبے کو بھی وبائی امراض سے بچاؤ کیلئے بھی علاج میسر نہیں ہے،

## اداریے:

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**این ای سی اجلاس میں عدم شرکت وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو کا اصولی موقف**" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ "**کوئٹہ میں سنیئر وکیل کا قتل**" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ "**وزیر اعلیٰ کا قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس کا بائیکاٹ**" عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ "**بلوچستان حکومت مالی بحران کا شکار بجٹ بنانے میں بھی مشکلات کا سامنا**" عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

## گوادر میں ترقی کے روشن امکانات، اہم تجارتی مرکز کی شکل اختیار کریگا، گورنر

**ہم نے گوادر کے طالب علموں کیلئے ایچ ای سی کے تعاون سے دو سو اسکالرشپس مختص کی ہیں، ولی کاکڑ**

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے اہم ساحلی شہر گوادر میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی عمل اور گوادر کی مقامی آبادی کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل اور انہیں تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر عمل درآمد خوش آئند ہے۔ گوادر کو سینٹرل ایشیا کا دروازہ بھی کہتے ہیں اور اس اہم جغرافیائی اہمیت کا حامل علاقہ ترقی کے زبردست مواقع اور روشن امکانات بھی رکھتا ہے۔ توقع ہے کہ گوادر ایک جدید شہر ہوگا اور پوری دنیا میں اہم تجارتی مرکز کی شکل اختیار کرے گا۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ گوادر کے ساحل پر پہلا حق مقامی آبادی کا ہے لہٰذا ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچایا جانا ضروری ہے۔ بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن پر روز اول سے ہماری خصوصی توجہ ہے۔ ہم نے گوادر کے طالب علموں کیلئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی غرض سے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے تعاون سے دو سو اسکالرشپ مختص کی ہیں جس کی نئی نسل کی تعلیم اور ترقی پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ حکومت نے گوادر میں اعلیٰ تعلیم کی سہولت کی فراہمی کے لیے وہاں گوادر یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا ہے جس کے علاقے میں تعلیمی ترقی پر دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ علاوہ ازیں دوست ملک کے تعاون سے سی پیک کے تحت بڑے پیمانے پر انفراسٹرکچر کی تعمیر کے علاوہ دنیا بھر سے گوادر میں سرمایہ کاری کے مواقع مستحکم کیے جا رہے ہیں توقع ہے کہ گوادر کی ترقی نہ صرف پاکستان اور بلوچستان بلکہ خطے میں اقتصادی، اور سماجی ترقی کا سنگ میل ثابت ہوگی۔

MASHRIQ QUETTA

## گوادر کی ترقی کے ثمرات مقامی آبادی تک پہنچنا ضروری ہے، عبدالولی کاکڑ

**گوادر ترقی کے زبردست مواقع اور روشن امکانات رکھتا ہے، پوری دنیا میں اہم تجارتی مرکز کی شکل اختیار کر لے گا**

**حکومت گوادر یونیورسٹی کا قیام عمل میں لائی ہے جس کے علاقے میں تعلیمی ترقی پر دوررس اثرات مرتب ہوں گے، گورنر**

کراچی (یواین اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے اہم ساحلی شہر گوادر میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی عمل اور گوادر کی مقامی آبادی کے دیرینہ مسائل کا پائیدار حل اور انہیں تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر عمل درآمد خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کو سینٹرل ایشیا کا دروازہ بھی کہتے ہیں اور اس اہم جغرافیائی اہمیت کا حامل علاقہ ترقی کے زبردست مواقع اور روشن امکانات بھی رکھتا ہے۔ توقع ہے کہ گوادر ایک جدید شہر ہوگا اور پوری دنیا میں اہم تجارتی مرکز کی شکل اختیار کرلے گا۔ گورنر بلوچستان نے کہا......

بقیہ نمبر 45 صفحہ 9 پر

کہ گوادر کے ساحل پر پہلا حق مقامی آبادی کا ہے لہٰذا ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچایا جانا ضروری ہے۔ بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن پر روز اول سے ہماری خصوصی توجہ ہے۔ ہم نے گوادر کے طالب علموں کیلئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی غرض سے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے تعاون سے دو سو اسکالرشپ مختص کئے ہیں جس کے نئی نسل کی تعلیم اور ترقی پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 08 JUN 2023 Page No: 2


## وزیراعلی میر عبدالقدوس بزنجو کا عبدالواحد بندیگ کی وفات پر اظہار افسوس

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچی زبان کی معروف ادبی شخصیت صحافی اور بلوچی اکیڈمی کوئٹہ کے سابق چیئرمین عبدالواحد بندیگ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلی نے......

بقیہ نمبر 57 صفحہ 9 پر

کہا کہ بلوچی ادب اور زبان کے لیے مرحوم نے قابل قدر خدمات سرانجام دی ہیں اور ان کی وفات سے بلوچی زبان کے ادب میں ایک خلا پیدا ہوا ہے وزیراعلی نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب بلند درجات اور سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

Balochistan Time Quetta

## Bizenjo grieved over journalist's death

**Staff Report**

**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo expressed his grief over the death of Balochi language journalist and former chairman of Balochi Academy Quetta Abdul Wahid Bandaig.

In his condolence statement, the Chief Minister said that the deceased has rendered valuable services for Balochi literature and language which would be remembered in good words in the province. He prayed Allah Almighty to rest the departed soul eternal peace and grant courage and strengthen to bereaved family to bear the loss with fortitude

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 08 JUN 2023 Page No: 5

## بلوچستان کی خواتین کو مالی طور پر بااختیار بنانا ترجیحات میں شامل ہے، مہ جبین شیراں

**خواتین کو اگر مواقع فراہم کئے جائیں تو یہ صوبے کی معیشت کی بہتری میں بھی کردار ادا کرسکتی ہیں، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے ترقی نسواں و تحفظ ماحولیات مہ جبیں شیراں نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ہنرمند خواتین کو مالی طور پر بااختیار بنانا محکمہ ترقی نسواں کی اولین ترجیحات میں شامل ہے تاکہ خواتین صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے ساتھ اپنے خاندان کی ترقی میں بھی کردار ادا کرسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ ترقی نسواں کے تحت ہونے والے ہفت روزہ خواتین ایکسپو کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں سیکرٹری ترقی نسواں سید سکندر شاہ سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی راحیلہ درانی ایڈیشنل سیکرٹری ٹو چیف سیکرٹری اورنگزیب بادینی ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات اثیر حمزہ زہری اور ڈائریکٹر محکمہ ترقی نسواں شازیہ ریاض سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ماہ جبیں شیراں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین ہنرمند ہونے کے ساتھ محنتی بھی ہیں لہٰذا انکو اگر صحیح مواقع فراہم کئے جائیں تو یہ صوبے کی معیشت میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکتی ہیں صوبے کی خواتین کو بااختیار بنانے میں محکمہ ترقی نسواں کا اہم کردار ہے محکمہ ہی کی بدولت ہنرمند خواتین کو ایک اچھا ماحول فراہم کیا جارہا ہے جسکی وجہ سے صوبے کی خواتین معاشی حوالے سے صوبے سمیت اپنے خاندان اور علاقے کے لیے بھی رول ماڈل کا کردار ادا کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیگر صوبوں سے بھی خواتین ایکسپو میں شرکت کیلئے آئی ہیں انکا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ کی شرکت سے صوبے کی ہنرمند خواتین کے اعتماد میں اضافہ ہوگا تقریب سے سید سکندر شاہ، راحیلہ درانی اور شازیہ ریاض نے بھی خطاب کیا۔

INTEKHAB QUETTA

## حکومت نے حب صنعتی زون لنک سڑک کیلئے فنڈ جاری کردیے

**محکمہ مواصلات وتعمیرات کی جانب سے تعمیراتی ترقی کام کیلئے ٹینڈر جاری کردیا گیا**

حب (آئی این پی) حکومت نے ضلع حب کے آرسی ڈی شاہراہ سے صنعتی زون کو لنک کرنے والی سڑک کی تعمیراتی منصوبے کیلئے فنڈز جاری کردیے ہیں حلقے سے منتخب رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار صالح محمد بھوتانی نے ترجیحی بنیادوں پر لیڈا کے صنعتی زون سے منسلک ساکران سے حب سٹی روڈ کی تعمیراتی منصوبے کیلئے وزیراعلیٰ

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے اس اہم منصوبے کیلئے اضافی فنڈز کی منظوری حاصل کرلی ہے سرکاری ذرائع کے مطابق اس اہم منصوبے کی بدولت ساکران کے زمینداروں کو مارکیٹ تک رسائی اور صنعتی ترقی میں کلیدی کردار کا حامل لیڈا کے نئے صنعتی زون کے فروغ میں یہ منصوبہ معاون ثابت ہوگا گزشتہ سال سیلاب کی تباہ کاریوں کے بعد حب ساکران شاہراہ کی بحالی کا منصوبہ ریاستی حکومت اور بھوتانی برادران کا حلقے کے عوام کیلئے ایک اور بہت بڑا تحفہ ہے سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی، ایم این اے اسلم بھوتانی، اور سابق معاون خصوصی وزیراعلیٰ شہزادہ صالح بھوتانی کی کوششوں سے حب سے ساکران انگ موڑ تک لنک روڈ منصوبے پر عملدرآمد کیلئے محکمہ مواصلات وتعمیرات کی جانب سے باقاعدہ سڑک کی تعمیراتی کام کیلئے ٹینڈر جاری کردیا گیا

MASHRIQ QUETTA

## عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے میں غفلت برداشت نہیں، مٹھا خان کاکڑ

**ڈاکٹر اور سٹاف کی حاضری پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں، اسپتالوں میں صفائی کی صورتحال بہتر بنائی جائے**

**عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی مشیر اطلاعات کی دورہ اسپتال موقع پر گفتگو**

ژوب (آن لائن) صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ سول ہسپتال ژوب کا تفصیلی دورہ اور ہسپتال انتظامیہ سے دو گھنٹے طویل اجلاس تفصیلات کے مطابق صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے ٹیچنگ سول ہسپتال ژوب کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا ڈاکٹر اور سٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا انہوں نے ہسپتال انتظامیہ سے طویل دو گھنٹے میٹنگ کی انہوں نے کہا کہ صحت ہر انسان کا بنیادی حق ہے عوام کو علاج ومعالجہ کے حوالے سے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کرینگے انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں جتنے بھی مسائل مشینری اور ادویات کی کمی ہے تو وہ ہمیں بتادیں تاکہ ہم اس کے حل کیلئے بھرپور کوشش کریں، انہوں نے کہا سول ہسپتال ژوب میں صفائی کا خاص خیال رکھیں کیونکہ بہترین صحت کیلئے صفائی اشد ضروری ہے انہوں نے ہسپتال میں داخل مریضوں کی عیادت کی اور ان سے علاج معالجہ کی سہولیات کے بارے میں بھی دریافت کیا ڈی ایچ او ڈاکٹر مظفر شاہ، ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل، خدائیداد خان کاکڑ اور عبداللہ جان کاکڑ بھی ہمراہ تھے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 08 JUN 2023 Page No: 6

## گندم اسمگلنگ روکنے کیلئے بارڈرز سیل کردیئے جائیں گے، چیف سیکرٹری

**عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس، پی ایس ڈی پی آٹومیشن اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت عوام کا معیار زندگی بلند کرنے اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے رواں سال محکمہ خوراک نے مقرر کردہ 10 لاکھ سے زیادہ گندم کی بوریوں کی خریداری مکمل کی ہے جوکہ محکمہ کی بہت بڑی کامیابی ہے اور اس سال صوبے میں آٹے کی قلت کا سامنا نہیں ہوگا۔ 34ویں نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد سے ملک بھر میں صوبے کا مثبت امیج سامنے آیا ہے اور صوبے کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ چیلنجز کے باوجود ایونٹ کو کامیاب بنایا۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری قانون عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری پراسیکیوشن غلام علی بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر سمیت تمام سیکرٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی پروجیکشن، پی ایس ڈی پی آٹومیشن اور پی ایس ڈی پی 2023-2024 کی تیاری، گندم کی خریداری، ای خدمت سنٹرز کا قیام، ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری، گوگل کی جانب سے بلوچستان کے طلباء کو اسکالرشپس سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد کا سہرا سیکرٹری کھیل بمعہ ٹیم، بلوچستان پولیس، محکمہ سکولز و کالجز، محکمہ تعلقات عامہ، محکمہ تعمیرات و مواصلات و دیگر افسران اور ملازمین کے سر ہے ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ جنہوں نے دن رات ایک کرکے اس ایونٹ کے کامیاب انعقاد کو ممکن بنایا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ ہوا کہ گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں تمام بارڈرز کو سیل کردیا جائے گا تاکہ صوبے میں گندم اور آٹے کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ وفاقی حکومت نے آگاہ کیا ہے کہ ملک کو شدید مالیاتی رکاوٹوں کا سامنا ہے جس کی وجہ سے سنگین معاشی چیلنجز ہیں۔ وفاقی حکومت کی طرف سے اپنائے جانے والے قومی کفایت شعاری کے اقدامات کا منظور شدہ سیٹ اور صوبوں کو بھی تجویز کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بھی کفایت شعاری کے اقدامات پر عملدرآمد کے لیے کام کررہی ہے انہوں نے کہا کہ تمام انتظامی افسران بجلی اور گیس کی بچت کے لیے اقدامات کریں۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ گوگل کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے اسکالرشپس 1 ہزار سے بڑھا کر 3 ہزار کردی گئی ہیں جس سے نوجوان اپنا روزگار کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے طلباء کے لیے 8000 انٹرن شپ بااختیار نوجوانان پروگرام شروع کیا ہے۔ اور ابھی تک صرف 3000 لوگوں نے اپنے ڈاکومنٹس جمع کیے ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبے کے دوردراز علاقوں کے طلباء بھی اس پروگرام سے مستفید ہوں اور اپنے آپ کو www.bnip.gov.pk سے رجسٹرڈ کروائیں۔

MASHRIQ QUETTA

## رواں برس صوبے میں آٹے کی قلت کا سامنا نہیں ہوگا، چیف سیکرٹری

**رواں سال محکمہ خوراک نے مقرر کردہ ہدف 10 لاکھ سے زیادہ گندم کی بوریوں کی خریداری مکمل کی ہے جوکہ محکمہ کی بہت بڑی کامیابی ہے، عبدالعزیز عقیلی**

**نیشنل گیمز کی کامیاب انعقاد سے ملک بھر میں صوبے کا مثبت امیج سامنے آیا اور صوبے کیلئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ چیلنجز کے باوجود ایونٹ کو کامیاب بنایا**

**گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں تمام بارڈرز کو سیل کردیا جائیگا تاکہ صوبے میں گندم اور آٹے کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت عوام کی معیار زندگی بلند کرنے اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے رواں سال محکمہ خوراک نے مقرر کردہ 10 لاکھ سے زیادہ گندم کی بوریوں کی خریداری مکمل کی ہے جوکہ محکمہ کی بہت بڑی کامیابی ہے اور اس......

بقیہ نمبر 67 صفحہ 9 پر

سال صوبے میں آٹے کی قلت کا سامنا نہیں ہوگا۔ 34ویں نیشنل گیمز کی کامیاب انعقاد سے ملک بھر میں صوبے کا مثبت امیج سامنے آیا ہے اور صوبے کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ چیلنجز کے باوجود ایونٹ کو کامیاب بنایا۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری لاء عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری پراسیکیوشن غلام علی بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر سمیت تمام سیکرٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 08 JUN 2023 Page No: 8

## شہر کو صاف ستھرا بنانے کیلئے پر عزم ہیں، ایڈ منسٹریٹر کوئٹہ

### کلین کوئٹہ گرین کوئٹہ مہم کے تحت گلی محلوں میں صفائی کا سلسلہ جاری ہے، جبار بلوچ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، اس ضمن میں کسی قسم کی کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی یہ باتیں انہوں نے گزشتہ روز شہر کے دورے کے موقع پر صفائی مہم کا جائزہ لیتے ہوئے کہیں اس موقع پر سینیٹری افسران بھی انکے ہمراہ تھے انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود کوئٹہ کو صاف ستھرا شہر بنانے کے لئے پرعزم ہیں جس کیلئے ٹیم ورک کے ساتھ کام جاری ہے دستیاب وسائل کو بہتر استعمال کرکے شہر کے مسائل ختم تو نہیں لیکن بہت حد تک کم ضرور کئے جاسکتے ہیں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا دل ہے یہاں صفائی کی صورتحال تسلی بخش ہونی چاہئے اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی کلین کوئٹہ گرین کوئٹہ مہم شروع کررکھی ہے جو گلی محلوں میں عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لئے اپنا کردار بھی ادا کرے گی انہوں نے کہا کہ تاجر برادری بھی تعاون کریں یہ شہر ہم سب کا ہے اور ہمیں اسے صاف ستھرا رکھنا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کسی بھی شکایت کی صورت میں براہ راست رابطہ کریں حل طلب مسئلہ فوری حل کیا جائے گا۔

## لوا حقین کوٹے کی بحالی سے بے روزگاری میں کمی آئیگی، سیکرٹری مواصلات

### کوٹہ بحالی کا سہرا موجودہ حکومت کے سر جاتا ہے، علی اکبر بلوچ، مرحوم ایکس ای این کے بیٹے کو آرڈر جاری

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ کی جانب سے لواحقین کوٹہ کے تحت سابق ایکس ای این مرحوم سلیم ساتکزئی کے بیٹے کو جونیئر کلرک پوسٹ کے آرڈر دیے گئے اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات امیر حمزہ زہری اور سیکشن افسر عبدالغفار بھی موجود تھے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ نے کہا کہ لواحقین کوٹہ کی بحالی صوبہ بھر کے لواحقین کا دیرینہ مطالبہ تھا جسے موجودہ حکومت نے بحال کیا جسکا سہرا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور انکی کابینہ کے سر جاتا ہے انہوں نے کہا کہ لواحقین کوٹہ کی بحالی سے صوبے میں بے روزگاری کے خاتمے میں خاطر خواہ کمی آئیگی واضح رہے کہ لواحقین کوٹہ کے بحالی کے بعد محکمہ مواصلات و تعمیرات میں لواحقین کوٹہ کے تحت یہ پہلی تعیناتی کے آرڈر ہیں۔

## ایف سی کا تفتان کے قریب فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کوئٹہ (پ ر) ایف سی بلوچستان ساؤتھ کے زیر اہتمام تفتان کے علاقے تنگ کچھاؤ اور کلی کے قریب گورنمنٹ پرائمری اسکول میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں 54 خواتین اور 62 بچوں سمیت 143 افراد کا معائنہ کرکے انہیں ادویات فراہم کی گئیں۔

MASHRIQ QUETTA

## گوادر میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی ماہ رواں شروع ہوجائے گی، پراجیکٹ ڈائریکٹر

### واٹر پلانٹ کے سینٹرل سول، مکینیکل اور الیکٹریکل ورک کو پہلے ہی حتمی شکل دی جاچکی ہے، داد بلوچ

گوادر (خ ن) چین کی مالی معاونت سے گوادر کی مقامی آبادی کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے شروع کیا گیا 1.2 ملین گیلن ڈی سیلینیشن واٹر پلانٹ کا منصوبہ رواں ماہ 30 جون تک مکمل ہو جائے گا۔ یہ بات گوادر پورٹ اتھارٹی کے پراجیکٹ ڈائریکٹر داد بلوچ نے بتائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ 1.2 ملین گیلن ڈی سیلینیشن واٹر پلانٹ کے سینٹرل......... بقیہ نمبر 66 صفحہ 9 پر

روم کو چلانے کے لیے سول، مکینیکل اور الیکٹریکل ورک کو پہلے ہی حتمی شکل دی جاچکی ہے اور یہ 100 فیصد یقینی ہے کہ 30 جون کو طے شدہ شیڈول کے مطابق ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 90 فیصد افرادی قوت کو ترجیحاً گوادر اور بلوچستان کی مقامی آبادی سے لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی مالی اعانت سے چلنے والے ڈی سیلینیشن واٹر پلانٹ کے باضابطہ افتتاح کیلئے تقریب منعقد کرنے کے حوالے سے تیاریاں بھی جاری ہیں

92 نیوز کوئٹہ

## حکومت بلوچستان نے مارکیٹیں 8 بجے بند کرنیکا فیصلہ مسترد کردیا

### قومی اقتصادی کونسل اجلاس میں شرکت ہی نہیں کی تو فیصلے کیسے قبول کریں

### بلوچستان شدید مالی بحران کا شکار، تاجر برادری مارکیٹیں بند نہ کریں، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (یو این اے) حکومت بلوچستان نے مارکیٹیں 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ مسترد کردیا۔ ترجمان وزیراعلیٰ بلوچستان بابر خان یوسفزئی کے مطابق قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں ہونے میں ملک بھر میں رات 8 بجے مارکیٹیں بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے لیکن بلوچستان حکومت کی جانب سے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں مارکیٹیں رات 8 بجے بند کرنے سمیت دیگر (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 1)

فیصلوں کو مسترد کردیا بلوچستان کے تاجر برادری بھی رات 8 بجے مارکیٹیں بند کرنے کے فیصلے کو مسترد کرچکی ہے جب قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت ہی نہیں کی تو فیصلے کیسے قبول کریں گی، بلوچستان حکومت قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں ہونے والے فیصلوں کو مسترد کرتی ہے، وفاقی حکومت نے بلوچستان کے ساتھ جو وعدے کئے پورے نہیں کئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے این ای سی اجلاس سے متعلق واضح موقف پیش کیا تاجر برادری کسی صورت دکانیں اور مارکیٹیں بند نہ کریں بلوچستان اس وقت شدید مالی بحران سے دوچار ہے، وفاقی حکومت صوبے کو اپنا ہی حق نہیں دے رہی حالیہ سیلاب میں بلوچستان سب سے زیادہ متاثر ہوا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 08 JUN 2023

Page No: 9


# بنیادی مراکز صحت میں سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کررہے ہیں، ڈی سی کوئٹہ

**بچوں کو ویکسی نیشن کی سہولیات اور ڈاکٹرز و طبی عملے کی موجودگی کو ہر صورت ممکن بنایا جائے، شہک بلوچ**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ای پی آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس ہوا جس میں ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر نور بخش، ڈپٹی ڈی ایچ او کوئٹہ ظفر اقبال سمیت پی پی ایچ آئی، ای پی آئی، ڈبلیو ایچ او، این اسٹاپ اور دیگر اداروں کے افسران اور نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ای پی آئی کی موجودہ صورتحال اور دی جانے والی طبی سہولیات و ویکسینیشن کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں عوام سے ویکسینیشن کے حوالے سے بھرپور تعاون کی اپیل کی گئی جبکہ اجلاس میں کوئٹہ کے تمام بی ایچ اوز کی رپورٹ پیش کی گئی۔ عوام اور خصوصاً والدین کو ویکسینیشن وقت پر کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ نے کہا کہ بنیادی مراکز صحت عوام و ان کی ویلفیئر پر صحت سے متعلقہ سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کررہے ہیں۔ جہاں پر عوام کو مفت علاج ومعالجہ سمیت ادویات کی فراہمی بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں عوام کو بنیادی مراکز صحت میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سے شہر کے بڑے ہسپتالوں پر دباؤ اور رش میں کمی ہوگی۔ بنیادی مرکز صحت میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی موجودگی کو ہر صورت ممکن بنایا جائے جبکہ بچوں اور خواتین کو بروقت ویکسینیشن کی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ ان کی صحت سے متعلقہ مسائل حل ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ویکسینیشن میں غفلت برتنے والوں کے خلاف بھرپور ایکشن لیا جائے گا۔

# خضدار: قانون شکن عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا، ڈپٹی کمشنر، ایس ایس پی

**امن وامان میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، لیویز اور پولیس مشترکہ کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھے گی، جمیل احمد بلوچ اور فہد حسین کھوسہ کی مشترکہ پریس کانفرنس**

خضدار (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر خضدار ریٹائرڈ کیپٹن جمیل احمد بلوچ نے کہا کہ گزشتہ دنوں سنی کے مقام پر اٹھارہ سالہ نوجوان فیاض احمد ولد جمیل احمد زہری کو موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر قتل کیا گیا تھا معصوم قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لئے لیویز کو متحرک کیا گیا اور تاکید کی کہ ملزمان کی گرفتاری ہر صورت ہونی چاہیے خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ ملزمان وڈھ میں روپوش ہیں جس پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار محمد علی درانی کی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل دی جس میں نور احمد لیویز انچارج خضدار وڈھ لیویز انچارج غلام فاروق سی آئی کے انچارج الطاف اور علی اکبر شاہ اور دیگر اہلکاروں نے چھاپہ مار کر ملزمان بشیر احمد مینگل اور سعد اللہ مینگل کو گرفتار کیا ملزمان کی نشاندہی پر واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور نوجوان مقتول کی چھینی گئی موٹر سائیکل سمیت دو موٹر سائیکلیں بھی برآمد کرلی گئیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار محمد علی درانی ڈی ایس پی خضدار محمد جان ساسولی ایس ایچ او صدر عطاء اللہ جاموٹ لیویز انچارج نور احمد زہری بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار جمیل احمد بلوچ نے کہا کہ میں ایس ایس پی خضدار فہد خان کھوسہ کا مشکور ہوں جنہوں نے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا انہوں نے کہا کہ کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر نہیں اگر کسی نے بھی امن وامان میں خلل ڈالنے کی کوشش کی تو اس کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا انہوں نے کہا کہ خضدار لیویز ہو یا پولیس ہماری کوئی سرحد نہیں عوام کو پرامن ماحول کی فراہمی ہم سب کی ذمہ داری ہے لیویز اور پولیس مل کر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کیلئے کوشاں ہے ایس ایس پی خضدار فہد خان کھوسہ نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر خضدار کی سرپرستی میں لیویز ہو یا کہ پولیس ہم سب مل کر اس شہر کو امن کا گہوارہ بنائیں گے انہوں نے کہا کہ معصوم فیاض احمد کے قتل نے ہم سب کو ذہنی تکلیف دی اور ان قاتلوں کی گرفتاری ہمارے لئے بہت بڑا چیلنج تھا واقعہ میں ملوث ملزمان سے تفتیش جاری ہے یہ معمولی نوعیت کا کیس نہیں یہ ملزمان عادی اور پیشہ ور ملزمان ہیں اس معاملے کی تفتیش کی نگرانی ہم خود کریںگے اور انہیں کیفر کردار تک پہنچا کر دم لیں گے ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن جمیل بلوچ نے لیویز اہلکاروں کو ایک لاکھ روپے نقد انعام بھی دیا۔

# کٹ منڈائی: سکولز و ڈسپنسریز کی حالت زار بہتر بنائی جائیگی، ڈی سی سبی

**یونیسیف کے ذریعے سکولوں میں بہتری لائی جائیگی، سبی سے 2 ڈاکٹرز بھیجے جائیں گے، منصور احمد قاضی**

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی نے اسسٹنٹ کمشنر سبی علی شاہ عباسی کے ہمراہ گزشتہ روز سب تحصیل کٹ منڈائی کا دورہ کیا انہوں نے وہاں قائم سکول و ڈسپنسری کی عمارت کا معائنہ کیا جن کی حالت انتہائی خستہ حال تھی ڈسپنسری اور سکول میں غیر حاضر سٹاف کا بھی نوٹس لیا گیا اس موقع پر علاقہ معتبرین سے بھی بات چیت کی گئی ڈپٹی کمشنر سبی نے کہا کہ ڈسپنسری اور سکولز کی حالت بہتر کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے اور ان اداروں کو عوام کے لئے مزید مفید بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ سکولوں میں یونیسیف کے ذریعے بہتری لائی جائے گی اور ان کو فعال کیا جائے گا جبکہ ڈسپنسری میں سبی سے دو ڈاکٹر بھیجے جائیں گے جو دو دن کٹ منڈائی ڈسپنسریز میں مریضوں کا علاج معالجہ کریں گے اور مفت ادویات بھی فراہم کریںگے انہوں نے کہا کہ ان علاقوں میں تعلیم اور طبی سہولتوں کو مزید بہتر اور فعال کیا جائے گا تاکہ عوام کو بہتر سہولتیں میسر ہو سکیں علاوہ ازیں انہوں نے کٹ منڈائی روڈ پر موجود لیویز چیک پوسٹوں کا بھی معائنہ کیا آخری چیک پوسٹ میر داد تک گئے جو کہ کوہلو کی حدود تک واقع ہے وہاں پر موجود لیویز عملہ کی حاضری چیک کی گئی ان کے پاس موجود اسلحہ کا معائنہ کیا اور دیگر سہولتوں کا بھی جائزہ لیا لیویز عملہ کی کاوشوں، محنت اور قربانی اور احساس ذمہ داری کو سراہا اور ان کی بہتر طور پر فرائض کی انجام دہی پر تعریف کی۔ اس موقع پر رسالدار محمد عارف مری بھی ان کے ہمراہ تھے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 | DATE: 08 JUN 2023 | Page No: 13

## قلات، مسلح افراد نے تعمیراتی کمپنی کے 6 مزدوروں کو اغوا کرلیا

### واقعہ سب تحصیل گزگ میں پیش آیا، چشمہ کی کھدائی کرنیوالی مشینری بھی نذر آتش کردی گئی

قلات (آن لائن) قلات سے نامعلوم مسلح افراد نے 6 مزدوروں کو اغوا کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے تعمیراتی کمپنی کے سائٹ پر کام کرنے والے چھ مزدوروں کو اغوا کرلیا۔ منیجر لیویز کے مطابق گزشتہ رات قلات

باقی صفحہ 5 نمبر 30

سے 160 کلومیٹر دور سب تحصیل گزگ میں چشمہ کی صفائی پر کام کرنے والی مقامی کمپنی کے 6 مزدوروں کو اسلحہ کے زور پر اغوا کرلیا گیا اور چشمہ کی کھدائی کرنیوالی بھاری مشینری کو بھی نذر آتش کر دیا گیا۔ مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

## ہزار گنجی میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہزار گنجی میں زمین کے تنازع پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق بروری روڈ کا رہائشی لطف علی ولد دوست محمد بدھ کو ہزار گنجی سبزی منڈی میں خریداری کر رہا تھا کہ تین افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں لطف علی موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردی گئی پولیس کے مطابق واقعہ زمین کے تنازع پر پیش آیا پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

## گردی جنگل چاغی میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

دالبندین (نامہ نگار) چاغی کے علاقے گردی جنگل کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے گل بھائی عرف گل ساقی نامی شخص ہلاک ہو گیا لیویز کے مطابق مقتول افغان مہاجر کیمپ گردی جنگل کے رہائشی ہے۔

## تربت، فائرنگ سے دو افراد زخمی

تربت (نامہ نگار) سنگانی ڈاک خانہ محلہ میں مسلح افراد نے نان بائی کو نشانہ بنا کر فائرنگ کی جس سے دو افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں افغانستان سے تعلق رکھنے والے نان بائی سلطان ولد عبدالغنی اور ایک مقامی شخص محمد حنیف ولد دلمراد ساکنہ سنگانی سر شامل ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## نوشکی میں ایف سی کی کارروائی، چینی کے مزید 740 تھیلے برآمد

### دوسری کارروائی میں لیویز نے تیل بردار گاڑی میں چھپائے چینی کے اٹھارہ تھیلے برآمد کرلیے

نوشکی (آن لائن) چینی سمگلنگ کے خلاف کارروائیاں جاری ایف سی اور لیویز فورس کی مشترکہ کارروائی میں مزید 740 تھیلے چینی برآمد بارہ زامیاد سمیت کسٹم کے حوالے کر دیا گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ شب خفیہ اطلاع پر فرنٹیئر کور اور لیویز نے ایک مشترکہ کارروائی میں بارہ زامیاد پک اپ میں لوڈ پچاس کلو والے تقریباً 740 تھیلا چینی برامد کرکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بقیہ نمبر 53 صفحہ 9 پر

گاڑیوں سمیت کسٹم کے حوالے کردیا گیا کارروائی کمانڈر 102 ونگ لیفٹننٹ کرنل عزیز عارف اور اسسٹنٹ کمشنر زاہد شاہوانی کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی ذرائع کے مطابق چینی افغانستان سمگل کیا جارہا تھا ایک دوسرے کارروائی میں لیویز فورس نے تیل بردار گاڑی میں چھپائے گئے چینی کے پچاس کلو والے اٹھارہ تھیلے برامد کرلیا

## سول لائن پولیس کی کارروائی گاڑی برآمد کر کے چور کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (یو این اے) سٹیشن ہاؤس آفیسر (ایس ایچ او) سول لائن تھانہ میٹھا خان کی سربراہی میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چند گھنٹوں میں گاڑی برآمد۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بقیہ نمبر 62 صفحہ 9 پر

کر کے چور کو گرفتار کرلیا۔ گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے اکرم ہسپتال کے قریب سے گاڑی چوری ہوگئی جس کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او سول لائن میٹھا خان نے فوراً کارروائی کرتے ہوئے چور کو گرفتار کرکے مسروقہ گاڑی برآمد کرلی۔ عوامی حلقوں نے ایس ایچ او کی بروقت کارروائی پر انہیں خراج تحسین پیش کیا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 DATE: 08 JUN 2023 Page No: 14

## لورالائی میں گندم مافیا ایک بار پھر سے متحرک، دھڑا دھڑ باہر سمگل

**گندم باہر لے جانے پر مکمل پابندی لگانے کیلئے دفعہ 144 لگایا جائے، عوامی حلقے**

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی میں اس وقت گندم کی فصل کی ریکارڈ پیداوار ہوئی ہے اس وقت صوبے کے دور دراز اضلاع کے گندم مافیا نے لورالائی میں ڈیرے ڈال رکھے ہیں اور تمریشر سے قبل ہی زمینداروں سے گندم کی خریداری میں مصروف ہیں اور ہمارے زمیندار چند روپوں کے لالچ میں لورالائی کی گندم باہر کے بیوپاریوں پر فروخت کر رہے ہیں اور دھڑا دھڑ گندم دیگر علاقوں میں جا رہی ہے اگر لورالائی میں گندم باہر لے جانے پر مکمل پابندی نہیں لگائی گئی تو ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں ایک ماہ بعد پھر سے گندم کا شدید بحران پیدا ہونے کے خطرات منڈلا رہے ہیں عوامی حلقوں، فلور ملز اور آٹا ڈیلرز نے ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے لورالائی سے گندم باہر لیجانے پر دفعہ 144 لگا کر مکمل پابندی لگائی جائے۔

92 نیوز کوئٹہ

## شہباز ٹاؤن میں ریڑھی بانوں کا سڑکوں پر قبضہ، انتظامیہ خاموش

**ٹریفک جام روز کا معمول بن گیا، پتھارے داروں کے قبضے کی وجہ سے لوگوں کا چلنا محال**

**پتھارے داروں اور ریڑھی بانوں کا خاتمہ کیا جائے۔ رہائشیوں کا حکام سے مطالبہ**

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کے علاقے شہباز ٹاؤن اور گرد و نواح میں فٹ پاتھوں اور سڑک پر ریڑھی بانوں نے قبضہ کر لیا جس کی وجہ سے ٹریفک سارا دن ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا۔ اہلیان شہباز ٹاؤن نے ڈائریکٹر جنرل ملٹری لینڈز کے نام لکھے گئے ایک مراسلے میں کہا ہے کہ شہباز ٹاؤن فیز ٹو میں پتھارے داروں سڑک اور فٹ پاتھ پر قبضہ کر رکھا ہے جس کی وجہ سے سارا دن علاقے میں ٹریفک جام کی وجہ سے شہریوں کو ذہنی کوفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو دوسری طرف فٹ پاتھ پر قبضے کی وجہ سے پیدل چلنا بھی محال ہو گیا ہے۔ علاقے کے مکینوں نے سڑک اور فٹ پاتھ پر پتھاروں کے قبضے کی تصاویر بھی مراسلے کے ساتھ ڈائریکٹر جنرل لینڈز کو بھجوائی ہیں تاکہ پتھاروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ ریڑھی بانوں کی وجہ سے شہباز ٹاؤن میں بدترین ٹریفک جام رہتا ہے مکینوں کو شدید کوفت کا سامنا ہے اہل علاقہ نے بتایا کہ ریڑھی بانوں کو روڈ سے ہٹنے کا کہا تو کہتے ہیں ہمیں کوئی نہیں ہٹا سکتا ہم نے بھتہ لگایا ہوا ہے مکینوں نے مطالبہ کیا کہ فی الفور شہباز ٹاؤن سے ریڑھیوں کا خاتمہ کیا جائے۔

## انتظامیہ کی عدم توجہی شاہراہوں کا تعمیراتی کام سست روی کا شکار

**سریاب روڈ، سبزل روڈ، بروری روڈ، گولی مار چوک، پودگلی چوک، قمبرانی روڈ و دیگر مقامات پر متعدد شاہراہوں کو اکھاڑ کر ادھورا چھوڑ دیا گیا، مٹی کے طوفان سے زندگی اجیرن بن گئی**

**وسطی علاقوں میں بھی گیس پائپ لائنیں بچھانے کے نام پر سڑکوں کو اکھاڑ کر صرف مٹی ڈال دی گئی، ٹریفک حادثات معمول بن گئے، عوامی حلقوں کا متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں سڑکوں کی توسیع کا کام عوام کے لئے وبال جان بن گیا، دھول اور مٹی کے طوفان نے لوگوں کی زندگی اجیرن کر دی، کام کی رفتار میں سست روی کی وجہ سے ٹریفک حادثات معمول بن چکے، شہریوں کو آمد و رفت میں بھی مشکلات درپیش ہیں تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبوں کے نام پر اسپیئرٹ روڈ کو زرغون روڈ سے لنک کرنے والی سڑک، سریاب روڈ، سبزل روڈ، بروری روڈ، گولی مار چوک، پودگلی چوک، قمبرانی روڈ، ریئسانی چوک، میر احمد مینگل روڈ، قمبرانی روڈ، کلشکوری ٹاؤن، بشیر چوک، نواں کلی روڈ، مغربی بائی پاس و دیگر مقامات پر متعدد شاہراہوں کو اکھاڑ کر ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے۔ تعمیراتی کام کے معیار کے مطابق سبزل روڈ، قمبرانی روڈ، سریاب روڈ پر پانی کا چھڑکاؤ بھی نہیں کیا جاتا، پیسے بچانے کیلئے صبح تھوڑا پانی چھڑکاؤ کیا جاتا ہے جو جلدی خشک ہو جاتا ہے اور پھر سارا دن دھول اور مٹی کا طوفان ہوتا ہے جس سے حد نگاہ صفر ہو جاتی ہے اور لوگ دن کے اوقات میں موٹر سائیکل اور گاڑیوں کی لائٹیں جلا کر سفر کرنے پر مجبور ہیں دوسری جانب مذکورہ شاہراہوں پر تعمیراتی کام کی رفتار انتہائی سست روی کا شکار ہو گیا ہے جس کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات درپیش ہیں۔ شہر کے وسطی علاقوں میں بھی گیس پائپ لائنیں بچھانے کے نام پر سڑکوں کو اکھاڑ کر اور صرف مٹی ڈال کر چلے گئے جس سے ٹریفک حادثات معمول بن گئے ہیں آئے روز موٹر سائیکل سوار گر کر زخمی ہونے کے واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ سابق اور موجودہ وزیر اعلیٰ، چیف سیکریٹریز و دیگر حکام کے علاوہ متعدد مرتبہ حکومتی نمائندگان نے ترقیاتی منصوبوں کے دورے کر کے جلد کام مکمل کرنے کی ہدایات جاری کی مگر متعلقہ حکام کی عدم توجہی کے سبب ٹھیکیداران احکامات پر عملدرآمد کرنے سے گریزاں ہیں جس کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

DATE: 08 JUN 2023

Page No: 12

Bullet No. 5


# شیخ زید اسپتال میں مبینہ جنسی اسکینڈل کے ذمے داران پر انتظامیہ کی مہربانیاں

**ہیڈ نرس مسرت تنویر کو سپرنٹنڈنٹ بنائے جانے کا امکان، کمیٹی سربراہ کو کھڈے لائن لگا دیا گیا، عوامی حلقوں کی صورتحال پر تشویش**

**9 دسمبر 2022 کو پولیس کو نامعلوم خط موصول ہوا تھا جس میں نرسز کو غیر اخلاقی سرگرمیاں کرنے پر مجبور کئے جانے کا انکشاف کیا گیا تھا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شیخ زید اسپتال مبینہ جنسی اسکینڈل کے ذمے داران پر اسپتال انتظامیہ کی مہربانیاں، ہیڈ نرس مسرت تنویر کو سپرنٹنڈنٹ بنائے جانے کا امکان، کمیٹی سربراہ کو کھڈے لائن لگا دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق 9 دسمبر 2022 کو ایس ایس پی کوئٹہ کے دفتر میں نامعلوم خط موصول ہوا جس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے شیخ زید اسپتال میں مبینہ طور پر نرسز کو ہراساں کر کے انہیں غیر اخلاقی سرگرمیاں کرنے پر مجبور کیے جانے کا انکشاف کیا گیا تھا، خط میں متاثرہ خاتون نے نام ظاہر نہ کرنے کی وجہ بتاتے ہوئے یہ خدشہ ظاہر کیا تھا کہ ان کا نام سامنے آنے پر مذکورہ گروہ کی جانب سے انہیں ہراساں کیا جاسکتا ہے، خط میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ اسپتال کے آفیسران کی جانب سے خواتین کو تنگ کر کے انہیں مختلف حیلے بہانوں سے ہراساں کیا جاتا ہے تاکہ وہ مبینہ طور پر انہیں اپنے ذاتی مقاصد اور خواہشات کے لئے استعمال کر سکیں۔ اس ضمن میں سیکریٹری صحت نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے مزید کی تحقیقات کے لئے 4 جنوری 2023 کو ایک کمیٹی تشکیل دے دی، متاثرہ خواتین کو کمیٹی کے سامنے پیش ہو کر اپنا بیان ریکارڈ کرنے کی ہدایت کی گئی مگر کوئی پیش نہیں ہوا، کمیٹی نے مذکورہ شیخ زید اسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں پر تین خواتین کمیٹی کے روبرو پیش ہوئیں جبکہ مزید 8 خواتین نے بذریعہ ٹیلی فون کمیٹی کو اپنی شکایات درج کرائیں۔ باوثوق ذرائع کے مطابق تحقیقات مکمل ہونے پر چند روز بعد مذکورہ کمیٹی نے سیکریٹری صحت کو جامع رپورٹ جمع کرادی تھی۔ اس ضمن میں محکمہ صحت نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 10 جنوری 2023ء کو شیخ زید اسپتال کے سپرنٹنڈنٹ، جونیئر کلرک، ٹیلی فون آپریٹر اور ڈینٹل ٹیکنیشن کو ڈائریکٹر جنرل محکمہ صحت بلوچستان کے دفتر رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ مبینہ طور پر اسکینڈل میں ملوث شیخ زید اسپتال کی ہیڈ نرس مسرت تنویر کو سپرنٹنڈنٹ بنائے جانے کا امکان ہے۔ عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6

Daily: JANG QUETTA

DATE: 08 JUN 2023

Page No: 16


## این ای سی اجلاس میں عدم شرکت، وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو کا اصولی موقف

وفاقی بجٹ کے اعلان سے قبل قومی اقتصادی کونسل کے اہم ترین اجلاس میں صوبہ بلوچستان نے شرکت نہیں کی اور یہ موقف اختیار کیا ہے کہ وفاق اس اہم صوبے کو مستقل نظر انداز کرتے ہوئے اسے دیوار سے لگانے کی پالیسی پر کاربند ہے صوبے کو اس حد تک مالی مشکلات کا سامنا ہے کہ وہ ایک متوازن بجٹ بنانے تک کا قابل نہیں وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو کے جاری کردہ پالیسی بیان میں کہا گیا ہے کہ چونکہ وفاقی حکومت صوبے کو درپیش مالی اور ترقیاتی مسائل حل کرنے کیلئے نتیجہ خیز اقدامات اٹھانے کو تیار نہیں اس لیے ایسے کسی اجلاس میں شرکت کرنے کا کوئی فائدہ نہیں جس میں فیصلہ سازی اور عملدرآمد کا فقدان ہو گزشتہ سال بھی بلوچستان کی تجویز کردہ اسکیموں کو وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ نہیں بنایا گیا سی پیک میں شامل منصوبوں کے ٹینڈر ہونے کے باوجود ان کیلئے فنڈز جاری نہیں کیئے گئے وزیر اعظم نے ایک سال قبل بلوچستان کے سیلاب زدگان کیلئے ایک ارب روپے کے فنڈز کا اعلان کیا تھا یہ رقم آج تک نہیں دی گئی متاثرین اب تک بے سروسامانی کی حالت میں پڑے ہیں اسکے علاوہ آئین کے تحت نئے این ایف سی ایوارڈ کا اجراء بھی عرصے سے تعطل کا شکار ہے۔ اسکے علاوہ صوبے میں وفاقی منصوبوں کے لئے فنڈز اور پی پی ایل کے ذمے واجبات کے مسائل بھی اب تک حل طلب ہیں بیان میں یہ یاد دلایا گیا ہے' بلوچستان کی ترقی اور اسکی پسماندگی کا خاتمہ وفاق کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں صوبے کو مسلسل نظر انداز کرنے کے منفی نتائج سامنے آسکتے ہیں۔

بلوچستان کا صوبہ ہمیشہ سے اپنا کیس وفاقی حکومت کے سامنے رکھتا آیا ہے موجودہ صوبائی حکومت نے بھی بارہا صوبے کے مالیاتی مسائل اور منصوبوں پر عملدرآمد نہ ہونے کے حوالے سے وفاقی حکومت کو آگاہ کیا ہے لیکن ہر بار صرف یقین دہانیاں اور وعدے کرنے کے سوا کوئی نتیجہ خیز قدم نہیں اٹھایا گیا جس کے بعد صوبائی حکومت کو اس فیصلے پر مجبور ہونا پڑا این ای سی کا اجلاس بجٹ سازی کے حوالے سے بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے جس میں تمام وزراء اعلیٰ وزراء خزانہ بھرپور شرکت کرکے اپنی اپنی مالی ضروریات ترقیاتی منصوبوں اور ترقیاتی فنڈز کے حوالے سے وفاق کو اپنی ضروریات سے آگاہ کرتے ہیں اور انہی کی روشنی میں صوبوں کیلئے فنڈز مختص کئے جاتے ہیں اس میں عدم شرکت کا فیصلہ صوبائی حکومت نے بہت مجبوری کے عالم میں کیا ہے وزیر اعلیٰ کا یہ موقف بالکل درست ہے کہ بلوچستان کو ہمیشہ وعدوں اور یقین دہانیوں کے ذریعے مطمئن رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے اور عملی اقدامات بہت کم اٹھائے جاتے ہیں۔ رواں مالی سال کے دوران وفاق نے صوبے کو این ایف سی کے تحت ملنے والے فنڈز کا پورا حصہ نہیں رہا پی پی ایل بھی صوبے کے اربوں روپے دبائے بیٹھا ہے۔ سیلاب زدگان کی بحالی و آباد کاری کیلئے وفاقی حکومت نے ایک ارب روپے کا اعلان کیا جو آج تک صوبے کو نہ مل سکے۔ بلوچستان میں وفاقی ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار بھی بہت سست ہے جس کی وجہ سے صوبے کی پسماندگی ختم ہونے میں نہیں آرہی۔ نئی مردم شماری کے بعد اب این ایف سی میں صوبے کا حصہ یقینی طور پر بڑھ جائیگا اس طرح قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی نشستوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ ان معاملات کی طرف بھی وفاقی حکومت کی کوئی توجہ نہیں وزیر اعلیٰ نے این ای سی کے اجلاس میں شرکت نہ کرکے صوبے کا احتجاج ریکارڈ کرایا ہے اجلاس میں اگرچہ بلوچستان کی نمائندگی نہیں ہوئی لیکن اب بھی وفاقی حکومت سے یہی توقع ہے کہ وہ بلوچستان کو درپیش مسائل پر سنجیدگی سے توجہ دیتے ہوئے ان کے حل کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے گی صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ٹھوس اور نتیجہ خیز حکمت عملی وضع کی جائیگی اور ان تمام وعدوں اور یقین دہانیوں کو نئے بجٹ میں پورا کرنے کی کوشش کرے گی جس کا اعلیٰ ترین سطح پر بار بار اعادہ کیا گیا ہے وفاق کو یہ حقیقت فراموش نہیں کرنی چاہئے کہ پاکستان کی ترقی و خوشحالی کا راستہ بلوچستان سے ہو کر گذرتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 08 JUN 2023 Page No: 17

## کوئٹہ میں سینئر وکیل کا قتل

تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیر اعظم عمران خان کے خلاف آئین توڑنے اور سنگین غداری کا ارتکاب کرنے کا مقدمہ درج کرانے کیلئے بلوچستان ہائیکورٹ میں درخواست دائر کرنے والے سینئر قانون دان عبدالرزاق شر کو نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے قتل ہونے کا المناک واقعہ اپنی حساس نوعیت کے اعتبار سے جامع اور شفاف تحقیقات کا متقاضی ہے جس پر فوری کارروائی عمل میں لائی جانی چاہئے۔ عبدالرزاق گھر سے عدالت جانے کیلئے نکلے تھے کہ ائیر پورٹ روڈ پر ملزموں نے انہیں گھیر لیا۔ عبدالرزاق کے سر سینے اور پیٹ میں 15 گولیاں لگیں جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ حملہ آور فرار ہو گئے۔ اس بہیمانہ واردات پر وکلا برادری نے عدالتوں کا مکمل بائیکاٹ کیا اور تین روز تک سوگ منانے کا اعلان کیا۔ یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ عبدالرزاق نے ایک اور پٹیشن بھی دائر کی تھی جس میں اپنی جان کو لاحق خطرے کا اظہار کیا تھا اور تحفظ کی درخواست کی تھی جس پر کوئی کارروائی نہ ہو سکی۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی عطا اللہ تارڑ نے ایک پریس کانفرنس میں مطالبہ کیا ہے کہ عبدالرزاق کے قتل میں عمران خان کو نامزد کیا جائے اور انہیں گرفتار کیا جائے کیونکہ اس واردات کے پیچھے انہی کا ہاتھ ہے۔ عمران خان کے خلاف دائر مقدمے کی چار تاریخوں پر ضمانت ہو چکی تھی اور آئندہ چند ساعتوں کے بعد مقدمہ انجام کو پہنچنے والا تھا جبکہ پی ٹی آئی نے ان کے اس دعوے کو بے بنیاد قرار دیا ہے یہ تو مکمل اور شفاف تحقیقات کے بعد ہی معلوم ہوگا کہ قاتل کون ہے اور قتل کے محرکات کیا تھے مگر بلوچستان جیسے حساس صوبے میں ایک سینئر وکیل کی ٹارگٹ کلنگ سے کئی سوالات پیدا ہوتے ہیں جن کا جواب تفتیشی اداروں کی تحقیقات سے ہی مل سکتا ہے۔ تفتیش کنندگان کو معاملے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لینا چاہئے تاکہ حقیقت کھل کر سامنے آسکے۔

اداریہ پر ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 08 JUN 2023 Page No: 18


# Poor infrastructure

The poor infrastructure of Quetta, the capital of Balochistan, needs prompt attention of the government. At present Quetta city is going through a very bad situation. The poor level of infrastructure in the city calls for the immediate attention of the authorities concerned. Broken roads and unkempt buildings must be repaired on an urgent basis. The poor sanitation condition of Quetta City has completely the face of Quetta which has turned to become a ruined city. Proper sewerage and waste disposal is directly related to human health, but the matter has largely remained unattended across the city. Regrettably, the government and its authorities concerned have been neglecting the city to ensure its proper development, construction of roads and addressing the pathetic sanitation condition. Heaps of garbage and choked sewerage lines have made the life of people miserable. Under the pretext of laying a gas pipeline, fiber optic and Quetta safe city project the majority of roads are broken and due to the accumulation of drainage water it is almost difficult for pedestrians to walk. During the tenure of the previous provincial government, a covered drain system was laid in the city but soon it became non-functional in several areas of Quetta , mainly because it was initiated without proper and technical planning. Quetta was once a city of orchards but now it has turned into a concrete jungle which is destroying its ecological character. It was a hill station and health resort for the privileged people who had the means to move to Quetta valley from Sibi-Kachhi plains or adjoining areas of Sindh and Dera Ghazi Khan during the hot summer days. Unfortunately, little is being done to improve the civic amenities and hygienic conditions in Quetta. Unfortunately, owing to mismanagement and corruption of funds, the roads of Quetta city are not being repaired for the last two years. Last year massive rains and heavy floods badly ruined roads and sewerage lines, multiplying miseries for masses as well as the provincial government. It is inevitable that the Balochistan government has to carry out effective steps to improve Quetta's infrastructure. The projects of Roads and bridges should be constructed at the earliest to ease the flow of traffic. Traffic signals should be installed on major roads to reduce the number of road accidents. There should be a strong check and balance on funds allocated for the development of Quetta city. It is hoped that the provincial government will swing into action to provide modern infrastructure to Quetta.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6 DATE: 08 JUN 2023 Page No: 19



# وزیراعلیٰ کا قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس کا بائیکاٹ


## سیلاب متاثرین کی بحالی کے لئے وفاقی حکومت کے اعلان کردہ دس ارب ابھی تک نہیں ملے




خلیل احمد

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ دنوں اسلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہونے والے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس کا بائیکاٹ کرتے ہوئے اجلاس میں شرکت نہیں کی۔ میر قدوس بزنجو نے اجلاس سے دو روز قبل ہی اس اجلاس میں وفاقی حکومت کے رویے کے خلاف بطور احتجاج شرکت نہ کرنے کا اعلان کیا تھا تاہم وزیراعلیٰ کے فیصلے کے برعکس غیر متوقع طور پر بلوچستان سے سینئر صوبائی وزیر نور محمد دمڑ اور چیف سیکرٹری بلوچستان نے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے بلوچستان کی نمائندگی کی جس پر وزیراعلیٰ میر قدوس بزنجو سخت ناراض اور برہم ہیں۔ میر قدوس بزنجو کا موقف ہے کہ این ای سی میں شرکت نہ کرنے کا حتمی فیصلہ وفاقی حکومت کے عدم تعاون کے رویہ کو دیکھتے ہوئے کیا۔ چونکہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے حوالے سے جو بھی یقین دہانیاں اور وعدے اب تک کئے ہیں ان پر آج تک عملدرآمد نہیں کیا گیا ہے۔ یہ رویہ انتہائی مایوس کن صورتحال کی نشاندہی کرتا ہے۔ حتیٰ کہ وزیراعظم کی جانب سے سیلاب متاثرین کی بحالی کے لئے اعلان کردہ دس ارب روپے بھی فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔ اس ضمن میں وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے وفاقی حکومت کو بارہا یاددہانیاں بھی کرائی گئیں اور وزیراعظم کو مراسلہ بھی ارسال کیا گیا وزیراعظم کے اعلان کے تناظر میں صوبائی حکومت نے اپنے محدود وسائل بروئے کار لاتے ہوئے متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے اقدامات کئے وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کا کہنا ہے کہ انہیں امید تھی کہ وفاقی حکومت کی جانب سے دس ارب کی وصولی کے بعد ان سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جائیگا۔ مگر وسائل کی کمی کے باعث سیلاب متاثرین تاحال کھلے آسمان تلے پڑے حکومتی امداد کے منتظر ہیں۔ وفاقی حکومت سے یہ بھی کہا ہے کہ بلوچستان کے اراکین سینٹ اور قومی اسمبلی کے تجویز کردہ منصوبوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے۔ بلوچستان کے ترقیاتی فنڈز محدود ہونگی وجہ سے اراکین سینٹ اور قومی اسمبلی کو ترقیاتی فنڈز نہیں دے سکتے۔ اراکین صوبائی اسمبلی سینٹ اور قومی اسمبلی کے اراکین کے تجویز کردہ منصوبوں کو صوبائی ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے





کے حق میں نہیں ہیں۔ اپنے ایک پالیسی بیان میں انہوں نے وفاقی حکومت سے بلوچستان کو درپیش مالی و ترقیاتی مسائل کے حل کے لیے نتیجہ خیز اقدامات کرنے اور صوبے کا آئینی حق دینے مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ ہم سے کئے گئے وعدوں پر عملدرآمد میں وفاقی حکومت کی سردمہری باعث تشویش ہے۔ کسی وفاقی اکائی کو مسلسل نظرانداز کرنا اور دیوار سے لگانا انتہائی غیر مناسب فعل ہے۔ وفاق کا یہ رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال بھی بلوچستان حکومت کی تجویز کردہ اسکیموں کو وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ نہیں بنایا گیا۔ سی پیک کی باتیں کی جاتی ہیں لیکن سی پیک میں شامل منصوبوں کے ٹینڈر ہونے کے باوجود بھی اسکے لئے فنڈز جاری نہیں کئے گئے۔ وزیراعظم ہماری متعدد درخواستوں کے باوجود ملاقات کا وقت نہیں دے رہے ہیں۔ وفاق کی ایک مضبوط اکائی ہونے کی حیثیت حاصل ہونے کے باوجود بلوچستان کو مسلسل نظرانداز کرنے کے منفی نتائج سامنے آسکتے ہیں۔

دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان کے فیصلے کو نظرانداز کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر نور محمد دمڑ اور چیف سیکرٹری بلوچستان نے قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت پر قدوس بزنجو کے قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ اس پر وزیراعلیٰ قدوس بزنجو سخت ناراض اور برہم ہیں اور اجازت کے بغیر اور بائیکاٹ کے اعلان کے باوجود این ای سی اجلاس میں شرکت پر سینئر صوبائی وزیر نور محمد دمڑ سمیت صوبائی چیف سیکریٹری کے خلاف کارروائی کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ نے سینئر صوبائی وزیر سے وزارت واپس لینے اور چیف سیکریٹری کی خدمات وفاق کو واپس کرنے کیلئے اتحادیوں سے مشاورت شروع کردی ہے اور آنے والے دن اس حوالے سے بہت اہم ہیں۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ میر عبدالقدوس بزنجو کا اپنی حکومت پر گرفت کمزور ہے کیونکہ پہلے ہی بیوروکریسی کی جانب سے وزیراعلیٰ اور صوبائی کابینہ کے فیصلوں پر مکمل درآمد کا فقدان ہے۔ اب ایک صوبائی وزیر کی جانب سے صوبے کے سب اعلیٰ سرکاری آفیسر کے ساتھ ملکر وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کی جانب سے قومی اقتصادی کونسل کے بائیکاٹ کے فیصلے کو نظرانداز کرنے کے اقدام نے بلوچستان حکومت کی اندرونی منظر کشی بھی کردی ہے۔

وفاقی حکومت کے بلوچستان کے ساتھ روا رکھے گئے رویے کے خلاف نہ صرف صوبائی حکومت ساتھ حزب اختلاف کی جماعتیں بھی یک آواز ہیں۔ بلوچستان اسمبلی کے ہر اجلاس میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف کی جانب سے مل کر وفاقی حکومت کے رویے کے خلاف مشترک موقف اپنایا جاتا ہے۔ بلوچستان اسمبلی سے اس ضمن میں متعدد بار مشترکہ قراردادیں بھی پاس کی گئیں جس میں بلوچستان کی مالی مشکلات کے حل کیلئے وفاقی حکومت اور ان کے ماتحت اداروں کے ذمہ گیس رائلٹی، این ایف سی ایوارڈ سمیت مختلف شعبوں میں بلوچستان کے واجبات کی عدم ادائگی پر وفاقی حکومت پر کڑی تنقید کی گئی اور بلوچستان کو ان کے آئنی حقوق اور واجبات ادا کرنے کے مطالبات دہرائے گئے مگر ابھی تک وفاقی حکومت کے رویے میں کوئی خاص تبدیلی نہیں آئی۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ بلوچستان حکومت کی وفاقی حکومت سے ناراضی آگے چل کر مرکز میں پی ڈی ایم کیلئے مشکلات کا باعث بن سکتی ہے کیونکہ نہ صرف بلوچستان میں برسراقتدار بلوچستان عوامی پارٹی بلکہ بلوچستان اسمبلی میں حزب اختلاف کی بڑی جماعتیں جمعیت علماء اسلام اور بلوچستان نیشنل پارٹی مرکز میں وفاقی حکومت اور پی ڈی ایم کا حصہ ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

07 JUN 2023

Bullet No. 7

DATE: ... No: 21

# Lawyer's murder in Quetta sparks blame game

By Saleem Shahid and Ikram Junaidi

QUETTA / ISLAMABAD: Senior Supreme Court lawyer, Abdul Raazaq Shar, was shot dead by unidentified assailants near Alamo Chowk on Airport Road on Tuesday.

Police said that the deceased was on his way to the high court when his vehicle came under attack by unknown men armed with automatic weapons. The lawyer received 15 bullet injuries on his body and died on the spot. The body was moved to the district hospital for medico-legal formalities.

"The slain advocate received 15 bullets on different parts of his body which caused his death," a senior police officer said. An FIR is yet to be registered, though the police are clueless about the motive behind the killing.

Police officials, including DIG Quetta, remained unavailable for comment despite attempts to reach them. Some of the colleagues of the slain advocate, however, claimed that the lawyer might have been killed as a result of a "family feud".

Lawyers' bodies boycotted court proceedings across the province and announced three days of mourning.

PM Shehbaz Sharif and Balochistan CM Abdul Qudoos Bizenjo condemned the killing. The provincial government directed the additional chief secretary and the inspector general police to submit a report about the incident.

It may be recalled that Mr Shar had filed a constitutional petition against PTI chief Imran Khan in the Balochistan High Court, seeking proceedings against the former premier under Article 6 that pertained to high treason.

His petition said that Imran Khan should be tried under Article 6 in light of apex court decision which had recommended legal action against Mr Khan and Qasim Suri for illegally dissolving the National Assembly after the joint opposition had moved a no-trust motion against the PTI government in April 2022. The petition had been fixed for June 7 (today) for further hearing.

**Blame game between govt, PTI**

The murder of the lawyer before a hearing of the high treason petition prompted a blame game between the government and the PTI, with both sides accusing each other of having a role in the killing of the advocate.

After PM's aide Attaullah Tarar alleged in a press conference that the lawyer was killed at the behest of Imran Khan to allegedly evade accountability in the treason case, PTI spokesperson Raoof Hassan accused PM Shehbaz and Interior Minister Rana Sanaullah of being behind the murder and sought their resignations, as well as a transparent probe.

The PTI also urged the chief justice of Pakistan to take notice of the murder of the lawyer and termed the government official's presser an attempt to implicate Mr Khan in another fake case.

Reacting to Mr Tarar's press conference, he said that the PTI requested the apex court to take immediate notice of the attempt to implicate the PTI chairman in another case. He claimed that the killing of Mr Shar was a continuation of the unconstitutional and illegal campaign to crush the PTI.

Tribune Express Karachi

## Law college upgrade on the anvil

QUETTA: Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar on Tuesday said that measures were being taken to develop law college to the level of a complete university for better education. "Students are the future lawyers of the country and the province, so it is our responsibility to provide all necessary facilities for better education and training", the governor said while inaugurating the academic block on the premises of the University Law College. The governor assured all possible support for the establishment of transport, auditorium, moot courtroom, digital library and hostel in the University Law College. Kakar said after several years, the appointment of principal in University Law College Quetta was being implemented on regular and transparent merit. He said that institutions could become stronger and more stable by maintaining merit in departments. APP

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 7

DATE: 07 JUN 2023

Page No: 22

# Bizenjo fires minister for attending NEC meeting

## Asks centre to take back chief secretary's services

By Saleem Shahid

QUETTA: Balochistan's planning minister has lost his job while the chief secretary was expected to suffer the same fate as a consequence of attending the National Economic Council (NEC) meeting on Tuesday.

The council, chaired by the prime minister, includes the federal finance minister and chief ministers of all four provinces.

However, this year, Balochistan CM Mir Abdul Qudoos Bizenjo has decided to not attend the NEC meeting or send any representative for Balochistan over what he called the centre's ignorance and discriminative attitude towards the province's financial woes.

Despite his proclamation, Planning Minister Noor Muhammad Dummar attended the meeting while the chief secretary participated via video link.

An official notification issued late on Tuesday said, "In exercise of powers conferred by Rule 3(5) of the Balochistan Government Rules of Business, 2012, the Chief Minister, Balochistan, has been pleased to withdraw the portfolio of planning and development from Mr Noor Muhammad Dummar, the provincial minister, with immediate effect and until further orders."

Official sources said Mr Bizenjo has also written to Prime Minister Shehbaz Sharif to take back the services of Mr Uqaili.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

08 JUN 2023

Bullet No. ________ DATE: ________ Page No: ________



کوئٹہ: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو فرینڈ آف چائنہ کے زیر اہتمام تقریب کے شرکاء کو شیلڈ دے رہے ہیں



وزیر داخلہ ضیاء لانگو کو پیٹرن ان چیف پاکستین چیمبر آف کامرس آصف ترین شیلڈ دے رہے ہیں



صوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن اور ڈی جی فوڈ اتھارٹی نعیم بازئی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



انجینئر زمرک، ملک سکندر، ضیاء لانگو، بشریٰ رند بجٹ تیاری کے حوالے سے مشاورتی اجلاس، ورکشاپ میں شریک ہیں



صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں